13643- رمضان میں امتحان کی وجہ سے روزہ چھوڑنا مباح نہیں

سوال

میں رمضان میں ساڑھے چھ گھنٹے کا امتحان دونگا جس میں صرف (45) منٹ کا وقفہ ہے پچھلے سال بھی میں نے امتحان دیا تھا لیکن رمضان کی وجہ سے میں صحیح طور پر توجہ نہیں دے سکا تو کیا میرے لئے امتحان کے دن روزہ چھوڑنا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

جو آپ نے ذکر کیا ہے اس کی بنا پر روزہ چھوڑنا جائز نہیں بلکہ یہ حرام ہے کیونکہ یہ ان اعذار میں سے نہیں جو رمضان میں روزہ چھوڑنے کو جائز کرتے ہیں ۔

فتاوی لجنۃ الدائمۃ جلد نمبر ۔ (10) صفحہ نمبر ۔ (240)

آپ کو علم ہونا چاہئے کہ رمضان کے روزے ہر مکلف مسلمان پر فرض ہیں رمضان کے روزے صرف وہ چھوڑ سکتے ہیں جن کو عذر کی وجہ سے اجازت دی گئی ہے مثلا مریض اور مسافر اور دودھ پلانے والی ماں اور بہت زیادہ بوڑھا اور مجبور انسان ۔

واللہ اعلم .